© rasailojaraid.com



# نقارۂ خدا

● کسی مومن مرد اور مومن عورت کے لئے مناسب نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی کام کا حکم دے تو انہیں اپنے کام میں اختیار باقی رہے اور جس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی تو وہ صریح گمراہ ہوا۔ (سورۂ الاحزاب آیت ۳۶)

● وہ لوگ اگر ہم انہیں دنیا میں حکومت دیدیں تو نماز کی پابندی کریں۔ اور زکوٰۃ دیں اور نیک کام کا حکم کریں اور بُرے کاموں سے روکیں اور ہر کام کا انجام تو اللہ تعالیٰ کے ہی ہاتھ میں ہے۔ (سورہ الحج آیت ۴۱)

● سو جو لوگ اللہ کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں انہیں اس سے ڈرنا چاہیئے کہ ان پر کوئی آفت آئے یا اُن پر کوئی دردناک عذاب نازل ہو جائے۔ (سورۂ النور آیت ۶۳)

● پھر ان کی جگہ ایسے ناخلف آئے جنہوں نے نماز ضائع کی اور خواہشات کے پیچھے پڑگئے پھر عنقریب گمراہی کی سزا پائیں گے۔ (سورۂ مریم آیت ۵۹)

● اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جسے اُس کے رب کی آیتوں سے سمجھایا جائے پھر وہ اُن سے مُنہ موڑے ہمیں تو گنہگاروں سے بدلہ لینا ہی ہے۔ (سورہ السجدہ آیت ۲۲)

● اور جس نے انکار کیا پس تو اس کے انکار سے غم نہ کھا۔ انہیں ہمارے پاس آنا ہے پھر ہم انہیں بتا دیں گے کہ انہوں نے کیا کیا ہے بیشک اللہ دلوں کے راز جانتا ہے۔ ہم انہیں تھوڑا سا عیش دے رہے ہیں پھر ہم انہیں سخت عذاب کی طرف گھسیٹ کر لے جائیں گے۔ (سورہ لقمان آیات ۲۳، ۲۴)

● انکار کرنے والے یہ نہ سمجھیں کہ ہم جو انہیں مہلت دیتے ہیں یہ ان کے حق میں بھلائی ہے ہم تو انہیں مہلت اس لئے دیتے ہیں کہ وہ گناہ میں زیادتی کریں اور ان کے لئے خوار کرنے والا عذاب ہے۔ (سورہ آلِ عمران آیت ۱۷۸)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


# زبان میری ہے بات اُن کی

خادم حسین

❁ کون کہتا ہے ۔ کیمونزم مر رہا ہے ۔ پہلے سے بہتر ہو کر دنیا میں مزید پھیل رہا ہے ۔
(سربراہ ۔ امریکی کیمونسٹ پارٹی)

اسے کہتے ہیں ۔ "کھسیانی بلی ۔ کھمبا نوچے !"

❁ ایران میں پچھلے سال ۵۰۰ افراد کو پھانسی دی گئی ۔ (ایک خبر)

ضیاء الحق شہید سے کوڑوں کو فسطائیت کا نام دینے والے اپنی جنم بھومی پر نظر ڈالیں ۔

❁ گورباچوف کے نظریات ، صوفیا سے ملتے جلتے ہیں ۔ (اسپیکر معراج خالد)

صوفی گورباچوف کے بارے میں صوفی معراج خالد کے تاثرات ۔

❁ پیپلز پارٹی نے ضیاء کو بھی کبھی گالی نہیں دی ۔ (وزیر مملکت مشتاق اعوان)

نیک لوگوں کی نیک باتیں !

❁ ہیڈ کانسٹیبل کی زیر قیادت ڈاکوؤں کا گروہ پکڑا گیا ۔ گروہ کے دو دیگر ڈاکو بھی پولیس افسر کے بیٹے ہیں

❁ ایس ایچ او سمیت پانچ پولیس والے اسلحہ سمگل کرتے ہوئے پکڑے گئے

❁ پولیس کی وردی میں ملبوس سات ڈاکوؤں نے تین گھر لوٹ لئے

(اس ماہ کی اہم خبریں)

٥ غنڈہ گردی کی حد کر دی ۔ چور بھی پہنے پھرتے ہیں وردی

❁ انگریزی تعلیم کو پہلی جماعت سے لازمی قرار دیدیا گیا ۔

مغرب زدہ لوگوں کا خطرناک منصوبہ !

❁ حنیف رامے دوبارہ پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے ۔ (ایک خبر)

کوثر نیازی کی غیرت کو کھلا چیلنج ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

❁ ٹی وی پر کسی لیڈر کی کردار کشی نہیں کی گئی اور تفریح کے سلسلہ میں ہمیں دنیا کے ساتھ ساتھ چلنا ہے۔ (احمد سعید اعوان وزیر اطلاعات و نشریات)

نام دیکھو اور کام دیکھو!

❁ پامیلا نے توبہ کر لی۔ (ایک خبر)

وومن فریڈم موومنٹ کا بہت بڑا نقصان!

❁ مولانا احترام الحق تھانوی پھر پی پی میں شامل ہو گئے۔ (ایک خبر)

ع شاید مجھے نکال کے کچھ کھا رہے ہوں آپ۔ محفل میں اس خیال سے پھر آ گیا ہوں میں

❁ بلغاریہ، رومانیہ، پولینڈ، آذربائیجان، یوکرائن، لتھونیا اور دیگر روسی ریاستوں میں کمیونزم کا دھڑن تختہ۔ (خدا کے منکر خدا کے عذاب کی لپیٹ میں)۔ (اخباری تاثر)

ع آ جاؤ گے حالات کی زد پر تو کسی دن۔ ہو جائے گا معلوم خدا ہے کہ نہیں ہے

❁ حکومت نیشنل پریس ٹرسٹ توڑ دے گی نہ اس کے حصص منتقل کرے گی (وکیل وفاقی حکومت)

تو کیا وزیر اعظم نے وزارتِ عظمیٰ کا آغاز ہی جھوٹ سے کیا تھا۔؟

❁ مجرم وزراء کے بنگلوں میں پناہ لیں تو امن کیسے ہو گا۔ (جتوئی)

مجرم وزراء کے بنگلوں میں بے وقوف ہی پناہ لیتے ہوں گے۔

❁ پیپلز پارٹی سیاست کو عبادت اور اسمبلیوں کو عبادت گاہیں سمجھتی ہے۔ (خورشید خان ایم پی اے پنجاب)

تو آپکی عبادت گاہوں میں ارکانِ اسمبلی کے ساتھ داشتاؤں کا سا سلوک کیا جاتا ہے۔؟

❁ ولی خان کو مسئلہ افغانستان کے حل کیلئے ذمہ داری سونپ دی گئی (ایک خبر)

گیدڑ کو خربوزوں کا رکھوالا مقرر کر دیا گیا۔

❁ ہماری پولیس سکاٹ لینڈ یارڈ سے کہیں آگے ہے۔ (آئی جی پنجاب کا دعویٰ)

کہ اسے وقوعہ سے بہت پہلے واردات کا پتہ چل جاتا ہے۔

❁ ایک سے زیادہ نکاح کرنا شیوۂ پیغمبری ہے۔ (کفر)

اور سالی سے منہ کالا کرنا ....؟ (لعنت بر پدرِ فرنگ!)

© rasailojaraid.com